## آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ اور آزاد کشمیر کے وزیر داخلہ وٹرانسپورٹ راجہ صدیق کی لندن میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

## ایم کیو ایم کے بارے میں پھیلائے جانے والے تمام منفی پروپیگنڈے غلط اور بے بنیاد ہیں۔سلیم بٹ،راجہ صدیق

## ایم کیو ایم چاہتی ہے کہ ملک کی باگ ڈور وڈیروں، جاگیرداروں اور مراعات یافتہ طبقہ کے چند خاندانوں کے بجائے مڈل کلاس کے باصلاحیت افراد کے ہاتھوں میں ہو۔اراکین رابطہ کمیٹی ایم کیو ایم

لندن۔۔۔3 اگست 2009ء

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ اور آزاد کشمیر کے وزیر داخلہ وٹرانسپورٹ راجہ صدیق نے گزشتہ روز ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کی۔ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے ارکان طارق جاوید، انیس ایڈوکیٹ، افتخار اکبر رندھاوا، جاوید کاظمی اور اشفاق منگی موجود تھے۔ملاقات میں پاکستان اور آزاد کشمیر کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔سلیم بٹ اور راجہ صدیق نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کے بارے میں بہت منفی پروپیگنڈہ کیا گیا لیکن 2005ء میں آزاد کشمیر میں آنے والے قیامت خیز زلزلہ کے بعد ایم کیو ایم نے جس بڑے پیمانے پر امدادی سرگرمیاں انجام دیں اور متاثرین کی بلا امتیاز خدمت کی اس نے آزاد کشمیر کے عوام کو بہت متاثر کیا اور عوام سمجھ گئے ہیں کہ ایم کیو ایم کے بارے میں پھیلائے جانے والے تمام منفی پروپیگنڈے غلط اور بے بنیاد ہیں۔ سلیم بٹ اور راجہ صدیق نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کیلئے نیک جذبات کا اظہار کیا۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے سلیم بٹ اور راجہ صدیق سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم غریب اور متوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت ہے، ایم کیو ایم موروثی سیاست کے خلاف ہے اور وہ چاہتی ہے کہ پاکستان اور آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں چند خاندانوں کے بجائے غریب ومتوسط طبقہ کے پڑھے لکھے ، ایماندار اور باصلاحیت افراد ایوانوں میں پہنچیں اور ملک کی باگ ڈور وڈیروں، جاگیرداروں اور مراعات یافتہ طبقہ کے چند خاندانوں کے بجائے مڈل کلاس کے باصلاحیت افراد کے ہاتھوں میں ہو۔انہوں نے مزید کہا کہ آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے دو نمائندوں کی کامیابی اس حقیقت کا ثبوت ہے کہ ایم کیو ایم کا پیغام کراچی سے لیکر کشمیر تک پھیل چکا ہے۔

## ارکان رابطہ کمیٹی اور دیگر ذمہ داران نے گوجرہ کے متاثرین میں بڑی مقدار میں امدادی اشیاء تقسیم کیں

## متاثرین کا الطاف حسین سے اظہار تشکر اور دعائیہ کلمات

گوجرہ:03/جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور ذمہ داران نے پنجاب کے ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کی تحصیل گوجرہ کا دورہ کیا اور مسیحی متاثرین میں ڈیڑھ لاکھ روپے کی مالیت کی امدادی اشیاء تقسیم کیں پیر کے روز متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسن ایم کیو ایم کے ایک وفد اور بڑی مقدار میں امدادی اشیاء کے ساتھ گوجرہ پہنچے اور متاثرین سے ان کے گھروں پر ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین اور اپنی جانب سے سانحہ گوجرہ کے فسادات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے اہلخانہ کے ساتھ افسوس کا اظہار کیا اور زخمیوں کی عیادت۔اس موقع پر مقامی پادری اور دیگر مسیحی رہنماء بھی موجود تھے ایم کیو ایم کے ذمہ داران نے متاثرین میں ڈیڑھ لاکھ روپے مالیت کی سینکڑوں آٹے کی تھیلیاں، چینی، چائے کی پتی، خشک دودھ، گھی، کھانے کا تیل، چاول اور دیگر غذائی اجناس تقسیم کیں۔سانحہ گوجرہ کے متاثرین نے امدادی کی تقسیم کے موقع پر صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان رفیق، ذاکر، ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ذمہ دار ایوب شاہد، ایم کیو ایم فیصل آباد کے ذمہ داران، زمان، ڈاکٹر عاصم بخاری، رانا شریف، ڈاکٹر ممتاز، میاں سرور، زاہد نور، شاہد بھائی بھی ان کے ہمراہ تھے۔متاثرین نے اس موقع پر ایم کیو ایم کے ذمہ داران اور متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے اظہار تشکر ادا کیا اور ان کے حق میں دعائیہ کلمات ادا کرتے ہوئے بتایا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد سیاسی جماعت اور الطاف حسین وہ واحد رہنماء ہیں جنہوں نے نہ صرف سب سے پہلے ہماری دادرسی کی بلکہ امدادی اشیاء بھی بھجوائیں اور ہمارے غم میں برابر کے شریک ہوئے۔انہوں نے اس موقع پر سانحہ کی وجوہات سے بھی آگاہ کیا اور مطالبہ کیا کہ انہیں انصاف دلایا جائے۔ایم کیو ایم کے رہنماؤں نے اس موقع پر مسلح افراد کی جانب سے مسیحی آبادی پر حملے گھروں اور املاک کو آگ لگانے اور خواتین اور بچوں سمیت کئی افراد کو زندہ جلانے کی دل خراش واقعات کی قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شدید الفاظ میں مذمت کی اور کہا کہ یہ واقعہ وحشت اور بربریت کی بدترین مثال ہے اور انسانیت پر یقین رکھنے والا کوئی بھی فرد بربریت کے مذموم واقعہ کی حمایت نہیں کرسکتا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتوں کی جان ومال کے تحفظ کی فراہمی کیلئے متحدہ قومی موومنٹ اور اس کے قائد جناب الطاف حسین اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

## ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار
## عزیز آباد میں حق پرست ارکان سینیٹرز، قومی اور صوبائی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔3/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیر اور وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور عوامی مسائل کا حل حق پرستوں کی اولین ترجیح ہے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کی شب خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں حق پرست سینیٹرز، ارکان قومی اور صوبائی اسمبلی کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر صغیر احمد، رضا ہارون اور قاسم علی رضا بھی موجود تھے۔ اجلاس میں ترقیاتی منصوبہ بندی اور ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کیلئے دو کمیٹیوں کے قیام کا بھی اعلان کیا گیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد عوام کے بنیادی مسائل کا حل ہے اور حق پرست عوامی نمائندے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت کے مطابق عوامی مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں۔انہوں نے حق پرست ارکان سینیٹرز، قومی اور صوبائی اسمبلی پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے اپنے حلقہ انتخاب میں عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کے لئے مزید محنت و لگن سے کام کریں۔

## میٹھادر میں گرنے والی عمارت کے متاثرین اور جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین کو مالی مدد کیلئے کمیٹی بنادی گئی ہے،ڈاکٹر فاروق ستار
## حکومت متاثرین کے نقصان کے ازالے کیلئے اپنی اخلاقی ذمہ داری پوری کرے گی

کراچی۔۔۔3،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینز، قومی اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر اور وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ میٹھادر میں گرنے والی عمارت کے متاثرین اور اطراف کی متاثرہ عمارتوں اور شہر کی دیگر مخدوش عمارتوں کے مکینوں کے حوالے سے سندھ حکومت کی اتحادی جماعتیں حکمت عملی طے کر رہی ہیں جبکہ گرنے والی عمارت کے متاثرین اور مرنے والوں کے لواحقین کی بھر پور مالی مدد کیلئے کمیٹی بنادی گئی ہے جو جلد رپورٹ دے گی۔ پیر کے روز صوبائی وزیر بلدیات آغا سراج درانی کے ہمراہ میٹھادر میں گرنے والی عمارت کے متاثرین سے ملاقات کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور متحدہ قومی موومنٹ نے گورنر ہاؤس میں ہونے والے حالیہ اجلاس میں شہر میں ناقص تعمیرات اور قوائد وضوابط کی خلاف ورزی کا سخت نوٹس لیا ہے اس سلسلے میں متعلقہ ادارے کے ذمہ داروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ تعمیرات کے قوائد وضوابط پر سختی سے عمل کرائیں تاکہ قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کو روکا جاسکے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ حکومت متاثرین کے نقصان کے ازالے کے حوالے سے اپنی اخلاقی ذمہ داری پوری کرے گی اور ہم مصیبت کی اس گھڑی میں متاثرین کے ساتھ ہیں۔انہوں نے مخیّر حضرات اور سول سوسائٹی کے تعاون کا بھی خصوصی ذکر کرتے ہوئے کہا کہ متاثرین کی امداد کے حوالے سے شہری حکومت اور بلڈرز سے بھی رابطہ کیا جائے گا۔انہوں نے گرنے والی عمارت میں دب کر جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔اس موقع پر حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی شعیب ابراہیم، طاہر قریشی اور صدر ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد دلاور بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے شہر میں 15 روزہ طبّی و بلڈ ڈونیشن کیمپس کا آغاز کردیا گیا
## پہلے روز رنچھوڑ لائن اور کورنگی میں امدادی کیمپ لگایا گیا جہاں 1075 مریضوں کو طبّی سہولیات وادویات مفت فراہم کی گئی
## بلڈ ڈونیشن کیمپس میں نوجوانوں نے خون کے عطیات دیئے......فاروق ستار کا دورۂ کیمپ

کراچی۔۔۔3/اگست 2009ء

ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کے اشتراک سے شہر کے مختلف علاقوں میں 15 روزہ طبّی و بلڈ ڈونیشن کیمپس کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا۔اس سلسلے میں پیر کے روز رنچھوڑ لائن اور کورنگی میں بڑا کیمپ لگایا گیا جہاں سینکڑوں افراد کو طبّی سہولیات وادویات مفت فراہم کی گئیں۔طبّی و بلڈ ڈونیشن کیمپ بناء کسی وقفے کے 9 بجے سے شام 6 بجے تک جاری رہا جہاں مریضوں کا ہجوم دیکھنے میں آیا اور انہوں نے جن میں نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین کے علاوہ نمایاں تعداد میں بچوں نے بھی کیمپ پہنچ کر نہ صرف

طبّی سہولیات اورادویات مفت حاصل کیں بلکہ نوجوانوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے بلڈڈونیشن کیمپ میں خون کے عطیات بھی جمع کرائے۔طبّی وبلڈڈونیشن کیمپ میں سول اسپتال یونٹ سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کے ارکان نے اپنے فرائض انجام دیئے اور1075 سے زائد مریضوں کامکمل طبّی معائنہ کرکے علاج تجویز کیااورانہیں مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ووفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹرمحمدفاروق ستار نے رنچھوڑ لائن میں خدمت خلق فاؤنڈیشن اور میڈیکل ایڈکمیٹی کے طبّی وبلڈڈونیشن کیمپ کاتفصیلی دورہ کیااورطبّی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔وہ کچھ دیروہاں رہےاورانہوں نے مریضوں کوطبّی سہولیات کی فراہمی پر اطمنان کااظہار کرتے ہوئے ڈیوٹی پر مامورڈاکٹرزاورپیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کوان کی خدمات پر اپنی اورقائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی ۔اس موقع پرحق پرست ارکان سندھ اسمبلی شعیب ابراہیم اورطاہرقریشی کے علاوہ مرکزی میڈیکل ایڈکمیٹی کے انچارج ڈاکٹر فاروق جمیل،جوائنٹ انچارجز منورحسین،ڈاکٹرثقلین جعفری اوردیگراراکین بھی موجود تھے۔

## سرگودھامیں مسلم لیگ(ن)کےضلعی اراکین کی جانب سےاپناچینل کےرپورٹرسیف خان اورکیمرہ مین عبدالحمیدکوتشددکانشانہ بنانےکانوٹس لیاجائے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔3/اگست2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نےمسلم لیگ(ن) کے پنجاب کےصوبائی وزیرندیم کامران اورمسلم لیگی کارکنان کی جانب سےسرگودھامیں اپناٹی وی چینل کے بیورو رپورٹرسیف خان اورکیمرہ مین عبدالحمیدکوبہیمانہ تشددکانشانہ بنانے اورکیمرہ توڑنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاوراسےآزادی صحافت کےمنافی قراردیاہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اپناٹی وی چینل کے بیورو رپورٹرسیف خان اورکیمرہ مین عبدالحمیدمسلم لیگ(ن) کےضلعی اراکین کے اجلاس کی کوریج کیلئے سرگودھاسرکٹ ہاؤس میں پہنچےتووہاں پہلے ہی سے بدنظمی تھی بعدازاں معاملہ ہاتھاپائی تک پہنچ گیاجس کے بعدمشتعل مسلم لیگیوں نے اپناٹی وی چینل کے کیمرہ مین عبدالحمیدکوپکڑکرنہ صرف بہیمانہ تشددکانشانہ بنایابلکہ ان کا کیمرہ بھی چھین کرتوڑ دیا اورانہیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئےفحش مغلظات بکیں اورجب رپورٹرسیف خان انہیں بچانے پہنچےتوانہیں بھی تشددکانشانہ بنایااوران کاسامان چھین لیا۔رابطہ کمیٹی نے اپناٹی وی چینل کے بیورو رپورٹرسیف خان اورکیمرہ عبدالحمیدسے دلی ہمدردی کااظہارکرتے ہوئےحکومت پنجاب سے مطالبہ کیاہے کہ وہ سرگودھامیں پنجاب کےصوبائی وزیراوردیگرمسلم لیگیوں کی جانب سے اپناچینل کے رپورٹراورکیمرہ مین کوتشددکانشانہ بنانے کاسختی سےنوٹس لیں اورصحافیوں کو تحفظ فراہم کرتے ہوئے ذمہ دارافرادکےخلاف قانون کےمطابق کارروائی عمل میں لائیں۔

## ماہِ رمضان المبارک میں اشیائےخوردونوش کی رعایتی نرخ پرفراہمی کویقینی بنایاجائے،ارکان سندھ اسمبلی ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کوآئین وقانون کی گرفت میں لیاجائے

کراچی۔۔۔3،اگست2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کےحق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے رمضان المبارک سےقبل اشیائےخوردونوش کی قیمتوں میں اضافے پرگہری تشویش کااظہارکیاہےاورمطالبہ کیاہے کہ ماہِ رمضان المبارک میں اشیائےخوردونوش کی رعایتی نرخ پرفراہمی کویقینی بنایاجائے۔اپنےمشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ناجائز فائدے کیلئے رمضان المبارک سےقبل اشیائے خوردونوش کی ذخیرہ اندوزی کی جارہی ہےاوررمضان المبارک میں اشیائےخوردونوش کی مصنوعی قلت پیدا کرکےنرخ بڑھاکرفروخت کی جاتی ہیں جس سے عام آدمی براہِ راست متاثر ہوتاہے۔ارکان سندھ اسمبلی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ سیدقائم علی شاہ سےمطالبہ کیا کہ رمضان اسلام کےمبارک مہینہ میں گراں فروشی کے ذریعے عوام سےلوٹ مارکرنے والوں کوآئین وقانون کی گرفت میں لیاجائے اوراس کےخلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## حق پرست نائب یوسی ناظم رانا ریاض، کارکن محمد ارشد اور ہمدرد محمد عرفان کے قتل میں ملوث سفاک قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، ارکان قومی اسمبلی

## ٹارگٹ کلنگ کے واقعات دو گروپوں کی لڑائی قرار دیکر اصل وجوہات اور شواہد سے منہ پھیر کر دہشت گردوں کو تحفظ فراہم کیا جارہا ہے

کراچی ۔۔۔3، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ ملیر ٹاؤن یوسی 3 کے حق پرست نائب یوسی ناظم رانا ریاض، ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی یونٹ یوسی 1 کے کارکن محمد راشد اور ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 187 کے ہمدرد محمد عرفان کے بہیمانہ قتل میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور شہر میں ٹارگٹ کلنگ کے ذریعے امن وامان تباہ اور جمہوریت کو ڈی ریل کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ بات ریکارڈ پر آچکی ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان سمیت دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں کے کارکنوں حتیٰ کہ جسقم کے چیئرمین بشیر خان قریشی پر قاتلانہ حملے اور جماعت اسلامی کے کونسلر ساجد نذیر کے بہیمانہ قتل میں حقیقی دہشت گرد اور شہر میں قائم نام نہاد امن کمیٹیوں کے جرائم پیشہ عناصر ملوث ہیں لیکن اس کے باوجود بعض سیاسی و مذہبی جماعتیں کراچی میں ہونے والی ٹارگٹ کلنگ کو دو گروپوں کی لڑائی قرار دے رہے ہیں اور ٹارگٹ کلنگ کی اصل وجوہات اور شواہد سے منہ پھیر کر سفاک دہشت گردوں کو تحفظ فراہم کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اپنے معصوم کارکنان، منتخب بلدیاتی نمائندوں اور ہمدردوں کی شہادتوں پر ملک کی سالمیت، جمہوریت کے استحکام اور ترقیاتی وتعمیراتی منصوبوں کی خاطر صبر اور برداشت سے کام لے رہی ہے اور اس کو ایم کیوایم کی کمزوری سے ہرگز تعبیر نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے معصوم کارکنان، منتخب بلدیاتی نمائندوں اور ہمدردوں کا لہو ہرگز رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا اور ان کے سفاک قاتل ایک دن ضرور اپنے عبرتناک انجام سے دوچار ہوں گے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علیشاہ سے مطالبہ کیا کہ حق پرست نائب یوسی ناظم رانا یاض، ایم کیوایم کے کارکن محمد ارشد اور محمد عرفان کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور ان وارداتوں میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے سخت سے سخت ترین سزادی جائے۔

## ماہِ رمضان المبارک میں اشیائے خوردونوش کی رعایتی نرخ پر فراہمی کو یقینی بنایا جائے، ارکان سندھ اسمبلی

## ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کو آئین وقانون کی گرفت میں لیا جائے

کراچی ۔۔۔3، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے رمضان المبارک سے قبل اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ماہِ رمضان المبارک میں اشیائے خوردونوش کی رعایتی نرخ پر فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ناجائز فائدے کیلئے رمضان المبارک سے قبل اشیائے خوردونوش کی ذخیرہ اندوزی کی جارہی ہے اور رمضان المبارک میں اشیائے خوردونوش کی مصنوعی قلت پیدا کرکے نرخ بڑھا کر فروخت کی جاتی ہیں جس سے عام آدمی براہِ راست متاثر ہوتا ہے۔ ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ رمضان اسلام کے مبارک مہینہ میں گراں فروشی کے ذریعے عوام سے لوٹ مار کرنے والوں کو آئین وقانون کی گرفت میں لیا جائے اور اس کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## شاہ فیصل ٹاؤن یوسی 2 کے حق پرست کونسلر کی والدہ محترمہ اور قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے کارکن کے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔3، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے شاہ فیصل ٹاؤن یوسی 2 کے حق پرست کونسلر رئیس کی والدہ محترمہ حمیدہ خاتون اور ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن جاوید دوست محمد کے بڑے بھائی عبدالواحد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ عالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆